© rasailojaraid.com

لوگ نمازی ہوتے ہیں اُن میں نماز کی طرف سے بددلی پیدا ہو جاتی ہے اور جو پہلے سے ہی بے نمازی ہوتے ہیں اُن کی خوئے بد کو بہانۂ بسیار ہاتھ آجاتا ہے۔ اس طرح کے مدعیانِ روحانیت کی تردید کے لیے ہی زیر تبصرہ کتاب کے لائق مصنف نے یہ رسالہ لکھا ہے۔

موصوف نے اس رسالہ میں وضاحت سے بتایا ہے کہ نماز کے ظاہری اوصاف اُس کے باطنی اوصاف سے افضل ہیں۔ اس سلسلہ میں ایمان اور عمل اور ولایت و تقویٰ کی جو ضمنی بحثیں پیدا ہو گئی ہیں اُن پر بھی ساتھ ساتھ روشنی ڈالی گئی ہے۔ اصل موضوعِ بحث کی توضیح میں عقلی اور نقلی دلائل اور صوفیانہ نکات ان میں سے ہر ایک سے کام لیا گیا ہے، کتاب بحیثیت مجموعی دلچسپ مفید اور مطالعہ کے لائق ہے اور سب سے بڑی بات یہ ہے کہ لائق مصنف کی پُر خلوص نیت و ارادہ اور مسلمانوں کی اصلاح کا شدید جذبہ اس میں جگہ جگہ ظاہر ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کو حسنِ قبول عطا فرمائے۔

اجتماعی زندگی کی ابتداء از پروفیسر محمد عاقل صاحب ایم اے تقطیع خورد ضخامت ۱۱۲ صفحات کتابت طباعت اور کاغذ بہتر قیمت ۸ ر پتہ :- مکتبۂ جامعہ دہلی و نئی دہلی۔

اس کتاب کے فاضل مصنف نئی اور مفید و ضروری معلومات پر آسان و عام فہم اُردو میں کتابیں تصنیف کرنے کا بڑا اچھا سلیقہ رکھتے ہیں۔ چنانچہ زیر تبصرہ کتاب میں اُنہوں نے جدید علماء معاشیات و اجتماعیات کی تحقیق کی روشنی میں یہ بتایا ہے کہ انسان کا ارتقا کب سے اور کس شکل سے ہوا۔ اور اس میں عہد بعہد کیا کیا تبدیلیاں پیدا ہوتی رہیں۔ پھر انسان میں اجتماعی زندگی کی صورتیں کیا کیا رہی ہیں۔ ایسی کتابیں بے شبہ اُردو لٹریچر میں قابل قدر اضافہ ہیں۔ اُردو خواں اصحاب کو ان کی قدر کرنی چاہیے۔

آثارِ ترک مرتب محمد مرزا صاحب دہلوی صفحات ۲۸۶۔ کاغذ عمدہ کتابت و طباعت متوسط سائز [illegible] قیمت ۶ ملنے کا پتہ:- کتب خانہ علم و ادب اُردو بازار جامع مسجد دہلی۔

© rasailojaraid.com